BOP
THE BANK OF PUNJAB
Passion Reborn

نوٹس برائے معزز لاکر ہولڈرز

ہمارے معزز لاکر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بینک آف پنجاب نے سیف ڈیپازٹ لاکر کی شرائط وضوابط اوراس کے طریقہ کار میں 26 اپریل 2016 سے ترمیم کی ہے۔ ترمیم شدہ طریقہ کار کے تحت کسی سال کے دوران ختم ہونے والے موجودہ لاکر کے لائسنس کی تجدید اُس سال کے 31 دسمبر تک کی جائیگی اوراس کے بعد کیلنڈر سال کی بنیاد پر کی جائیگی۔ نتیجتاً ان لاکرز کا کرایہ متناسب بنیاد پر تجدید کے سال کے 31 دسمبر تک وصول کیا جائیگا۔

بینک کے مروجہ چارجز کے شیڈول کے مطابق سالانہ لائسنس فیس اور دیگر اخراجات کی ادائیگی پر لائسنس اگلے کیلنڈر سال کے لیے تجدید شدہ متصور ہوگا۔

کوئی بھی لاکر ہولڈر جو نئے طریقہ کار سے متفق نہیں ہے اپنا لاکر حوالے کر کے اور چابی واپس کر کے سات یوم کا نوٹس دیتے ہوئے یا اپنے لائسنس کے اختتام پر لاکر کے معاہدے سے نکل سکتا/سکتی ہے۔

دیگر شرائط وضوابط جوں کی توں رہیں گی۔